## وژن

سنیتھٹک پراڈکٹس انٹرپرائزز لمیٹڈ اپنے صارفین کو عالمی معیار کی مصنوعات ان کی امنگوں کے مطابق ہمہ وقت فراہم کرنے کیلئے پر عزم ہے اور عالمی مارکیٹ میں نمایاں مقام حاصل کرنے کے لیے بھی کوشاں ہے۔

## کاروباری سرگرمیاں

SPEL کی مندرجہ ذیل مصنوعات ہیں:

- سانچہ سازی
- آٹو موٹیو پارٹس
- فوڈ اور FMCG پیکیجنگ
- پلاسٹک پیکیجنگ
- بیٹن

## کمپنی کی قانونی حیثیت

پبلک لسٹڈ کمپنی

## رجسٹریشن نمبر

0009432

## قومی ٹیکس نمبر

0688349-4

## رجسٹرڈ آفس

127-S قائداعظم انڈسٹریل اسٹیٹ ٹاؤن شپ، کوٹ لکھپت، لاہور

## فون

042-111-005-005

## فیکس

042-35118507

## فیکٹریاں

- 4 کلو میٹر آف فیروز پور روڈ، رائے ونڈ للیانی لنک روڈ، پانڈو کی لاہور
- S-127 قائداعظم انڈسٹریل اسٹیٹ ٹاؤن شپ، کوٹ لکھپت، لاہور
- 41-رحیم یار خان انڈسٹریل اسٹیٹ، KLP روڈ، رحیم یار خان
- A-12 ڈاؤن سٹریم انڈسٹریل یونٹ، پاکستان سٹیل، کراچی

## بورڈ آف ڈائریکٹر

### جناب الماس حیدر صاحب

### چیئرمین

جناب الماس حیدر کاروباری حلقوں میں ایک مشہور اور قابل احترام شخصیت ہیں۔آپ نے معیشت کے بارے میں اپنے علم اور تجربے سے پاکستان میں کاروبار کو آسان بنانے کے لیے نمایاں کام کیا ہے اور ان کوششوں کو کاروباری برادری اور حکومتی شعبے دونوں نے سراہا ہے۔

جناب حیدر نے یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور سے گریجویشن کیا آپ انسٹی ٹیوٹ آف انجینئرز پاکستان کے رکن ہیں۔آپ نے ہارورڈ بزنس سکول امریکہ سے اونر پریزیڈنٹ پروگرام مکمل کیا۔

پاکستان کے لیے انجینئرنگ وژن 2012 اور ٹیکنالوجی اپ گریڈیشن اور اسکل ڈیولپمنٹ کمپنی کا قیام آپ کے کریڈٹ پر ہے، جہاں آپ بانی چیئرمین تھے۔

جناب الماس حیدر قائداعظم انڈسٹریل اسٹیٹ بورڈ کے پہلے صدر بھی تھے، جو حکومت پنجاب نے کوٹ لکھپت انڈسٹریل اسٹیٹ، لاہور کے انفراسٹرکچر کے انتظام اور اپ گریڈ کے لیے قائم کیا تھا۔

کچھ عرصہ قبل تک، آپ وزارت صنعت و پیداوار کے انجینئرنگ ڈویلپمنٹ بورڈ کے چیئرمین رہ چکے ہیں اور لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر بھی رہے ہیں۔

جناب الماس حیدر نے مندرجہ ذیل عہدوں پر بھی خدمات انجام دی ہیں:

- ممبر بورڈ آف نیشنل ٹرانسمیشن اینڈ ڈسپیچ کمپنی لمیٹڈ (NTDC)
- ممبر بورڈ آف سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (SMEDA)
- ڈائریکٹر، پاکستان انڈسٹریل ڈویلپمنٹ کارپوریشن (PIDC)
- صدر، پاکستان انڈسٹریل ٹیکنکل اسسٹنٹ سینٹر (PITAC)
- ممبر گورننگ باڈی آف پنجاب انڈسٹریل اسٹیٹس ڈویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی (PIEDMC)
- ممبر بورڈ آف ٹیکنکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (TEVTA)
- ممبر بورڈ، پنجاب ووکیشنل ٹریننگ کونسل (PVTC)
- نائب صدر ہارورڈ کلب آف پاکستان

- ممبر سینیٹ یو ای ٹی ٹیکسلا
- ممبر سینیٹ پی ٹی یو ٹی یونیورسٹی

## جناب ضیاء حیدر نقی صاحب

## چیف ایگزیکٹو آفیسر

جناب ضیاء حیدر نقی نے لاہور کی یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی سے مکینیکل انجینئرنگ مکمل کی۔اس کے بعد آپ نے انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ سائنسز سے فنانس میں ایم بی اے مکمل کیا۔آپ ایک سرٹیفائیڈ پروجیکٹ مینجمنٹ پروفیشنل، آئی ٹی ایکسپرٹ ہیں،اور آپ جاپان، جرمنی اور کینیڈا میں متعدد تربیتی پروگراموں میں حصہ لے چکے ہیں۔آپ نے ہارورڈ بزنس سکول، USA سے اونر/پریزیڈنٹ مینجمنٹ پروگرام(OPM) مکمل کیا ہے۔

جناب ضیاء حیدر نقی قائد اعظم انڈسٹریل اسٹیٹ لاہور کے سینئر نائب صدر اور لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کی ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن کے طور پر خدمات انجام دے چکے ہیں۔آپ کلیکٹ اینڈ ری سائیکل (CoRE) الائنس کے بانی رکن ہیں۔CoRE پاکستان میں پہلا پیکیجنگ اتحاد ہے جس کا مقصد پیکیجنگ ویسٹ کو باضابطہ طور پر جمع کر کے ری سائیکل کرانا ہے۔

آپ تین دہائیوں سے زائد عرصے سے سپیل سے وابستہ ہیں۔2013 میں چیف ایگزیکٹو آفیسر کا عہدہ سنبھالنے کے بعد آپ نے سپیل میں موثر اقدامات کیے ۔جیسا کہ آپ نے کمپنی کے پرانے انٹرپرائز ریسورس پلاننگ (ERP) سسٹم کو SAP میں تبدیل کروایا جو کہ موجودہ تقاضوں کے مطابق ایک اچھا سوفٹ وئیر ہے یہ کام آسان نہ تھا۔ لیکن آپ کی مسلسل لگن اور جدوجہد نے اس تبدیلی کو ممکن بنایا۔ماحولیات کے تحفظ کے حامی کے طور پر، جناب ضیاء حیدر نے تین سولر پاور پروجیکٹس لگائے،اور سپیل کو اپنی سالانہ بجلی کی ضروریات کا 2 فیصد سولر پاور کے ذریعے پیدا کرنے کے قابل بنایا۔یہ اقدام کاربن فٹ پرنٹ کو کم کرنے اور گرین انرجی کو فروغ دینے کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔آپ کام کی جگہ پر صنفی توازن کے حامی بھی ہیں۔ان کی قیادت میں، سپیل کے ہیڈ آفس میں خواتین ملازمین کی ایک بڑی تعداد شامل ہو چکی ہے، جو ایک جامع اور متنوع کام کے ماحول کے قیام کے ان کے عزم کو ظاہر کرتا ہے۔

جناب ضیاء حیدر ماحولیات سے متعلق قوانین کی اصلاح اور ترقی کے لیے کوشاں ہیں اور حکومت کے ساتھ مل کر ان قوانین کو بین الاقوامی معیار کے مطابق لانے میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔آپ کی کوششیں ایک صاف اور سبز پاکستان بنانے کے عزم کی عکاسی کرتی ہیں۔

اپنی پیشہ ورانہ مصروفیات کے علاوہ،آپ سماجی اور فلاحی کاموں میں بھی بھرپور حصہ لیتے ہیں۔ مختلف سماجی مقاصد میں ان کی شراکت ان کے معاشرے کی بہتری اور ضرورت مندوں کی فلاح و بہبود کے عزم کو اجاگر کرتی ہے۔آپ مندرجہ ذیل عہدوں پہ بھی کام کر رہے ہیں۔

- ڈائریکٹر، SPEL ٹیکنالوجی سپورٹ (پرائیویٹ) لمیٹڈ
- ڈائریکٹر، اے جے پاور (پرائیویٹ) لمیٹڈ
- ڈائریکٹر، آر ٹی پاور (پرائیویٹ) لمیٹڈ
- ڈائریکٹر، ایم ایس ٹی پاور (پرائیویٹ) لمیٹڈ
- ڈائریکٹر کور الائنس۔جو کہ ایک نان پرافٹ کمپنی ہے
- صدر ایڈوائزری بورڈ رحیم یار خان انڈسٹریل اسٹیٹ
- وہ سپیریئر یونیورسٹی لاہور سے بطور وزٹنگ فیکلٹی بھی وابستہ ہیں۔

## جناب ہارون شریف صاحب

### آزاد ڈائریکٹر

جناب ہارون شریف علاقائی اقتصادی معاملات، بین الاقوامی ترقی، اقتصادی سفارت کاری اور مالیاتی مارکیٹس کے معروف عالمی ماہر ہیں۔ آپ نے 2018 میں وفاقی وزیر اور پاکستان کے بورڈ آف انویسٹمنٹ کے چیئرمین کے طور پر خدمات انجام دیں۔ آپ چائینہ پاکستان اقتصادی راہداری (CPEC) کی مشترکہ تعاون کمیٹی (JCC) میں صنعتی تعاون کے لیے پاکستان کے اہم ممبر بھی رہے ہیں۔ آپ کی قیادت میں ایز آف ڈوئنگ بزنس انڈیکس پر پاکستان کی رینکنگ میں 28 درجے بہتری آئی۔ آپ فی الحال حکومتوں، کثیر الجہتی تنظیموں اور نجی سرمایہ کاروں کو مشاورت دیتے ہیں۔ آپ انسٹی ٹیوٹ آف ڈویلپمنٹ اکنامکس میں ایک ممتاز شخصیت ہیں۔ بطور وزٹنگ فیکلٹی، آپ بہت سے انٹرنیشنل فورمز پہ لیکچر بھی دیتے ہیں۔

جناب ہارون شریف نے جنوبی اور وسطی ایشیا میں اقتصادی تعاون کو فروغ دینے کے لیے ورلڈ بینک گروپ کے سینئر علاقائی مشیر کے طور پر بھی خدمات انجام دیں۔ آپ نے لندن سکول آف اکنامکس اور یونیورسٹی آف ہوائے سے پوسٹ گریجویٹ کی ڈگری حاصل کی ہے۔ آپ تحقیق پر مبنی مضامین لکھنے میں دلچسپی رکھتے ہیں اور کئی باوقار فیلوشپس اور ایوارڈز جیت چکے ہیں۔ آپ مقامی اور بین الاقوامی میڈیا پر باقاعدہ طور پہ ایک قابل احترام تبصرہ نگار بھی ہیں۔

## جناب خاور انور خواجہ صاحب

### آزاد ڈائریکٹر

جناب خاور انور خواجہ نے مکینیکل انجینئرنگ کی ڈگری حاصل کی ہے۔ آپ گریز آف کیمبرج (پاکستان) لمیٹڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں۔ اس کے علاوہ آپ سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر بھی رہ چکے ہیں۔

جناب خاور نے 5 سال تک سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے سی ای او/چیئرمین کے طور پر بھی خدمات انجام دیں، جو کہ پاکستان میں نجی طور پر بنایا گیا واحد بین الاقوامی ہوائی اڈہ ہے۔

جناب خاور نے اپنے کاروبار کے سلسلے میں بڑے پیمانے پر مختلف ممالک کا سفر کیا ہے اور تکنیکی امور اور مارکیٹنگ کا علم اور تجربہ حاصل کیا ہے۔ آپ نے فنانس اور سرمایہ کاری میں اپنی صلاحیتوں کا اچھا استعمال کیا ہے۔ آپ کے موثر انتظام اور قیادت میں، گریز آف کیمبرج (پاکستان) لمیٹڈ نے متعدد بار کراچی اسٹاک ایکسچینج میں ٹاپ 25 کمپنیوں کا ایوارڈ جیتا ہے۔

آپ مندرجہ ذیل عہدوں پہ بھی کام کر رہے ہیں

- ڈائریکٹر، سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ لمیٹڈ
- ڈائریکٹر، پورٹ سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ
- ڈائریکٹر انور خواجہ انڈسٹریز (پرائیویٹ) لمیٹڈ

## ڈاکٹر سید سہیل حسین نقوی صاحب

### آزاد ڈائریکٹر

ڈاکٹر سہیل نقوی نے پارڈیو یونیورسٹی، امریکہ سے الیکٹریکل انجینئرنگ میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی۔آپ کے پاس اکیڈمیک، صنعت اور حکومت میں تیس سال سے زیادہ کام کی سمجھ بوجھ، کاروباری بصیرت اور صلاحیت ہے، آپ نے زندگی میں بہت سے قابل ذکر اہداف حاصل کیے ہیں جن کا معاشرے پر اہم سماجی و اقتصادی اثر پڑا ہے۔آپ کی قیادت میں پاکستان اور وسطی ایشیا میں مختلف اداروں کا قیام اور ان کی کامیابی ایک ثابت شدہ ریکارڈ ہے۔

جناب سہیل نقوی بین الاقوامی پبلک اداروں اور پاکستانی سرکاری اور نجی شعبے میں اعلیٰ تعلیم کے قومی نظام میں ایک مثالی تبدیلی لانے، اہم اور بنیادی اصلاحات کی قیادت کرنے، بین الاقوامی سطح پر معیاری تعلیمی نظام نافذ کرنے، یونیورسٹیوں میں کاروباری ضروریات کے مطابق تعلیمی نظام کی ترقی اور صنعت کے ساتھ یونیورسٹیز کی ہم آہنگی کروانے کی وجہ سے عالمی سطح پر پہچانے جاتے ہیں۔آپ ایک فکری رہنما ہیں جن کے پاس امریکہ، پاکستان اور وسطی ایشیا میں وسیع بین الاقوامی تدریس، تحقیق اور کاروباری تجربہ ہے

اعلیٰ تعلیم کے لئے آپ کی خدمات کے اعتراف میں، انہیں فرانسیسی حکومت کی جانب سے **'پالمز اکیڈیمیکس'** کے آرڈر سے 'شیولئیر' کے رینک میں نوازا گیا، اور حکومت پاکستان کی جانب سے ستارۂ امتیاز عطا کیا گیا۔

یونیورسٹی آف سینٹرل ایشیا، بشکیک، کرغزستان کے بانی ریکٹر کے طور پر اپنی مدت پوری کرنے کے بعد، ڈاکٹر نقوی پاکستان واپس آ گئے ہیں اور آئی ٹی انڈسٹری کے لئے افرادی قوت کی ترقی پر مرکوز ایک نیا منصوبہ شروع کیا ہے۔

## جناب رضا حیدر نقی صاحب

### نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر

جناب رضا حیدر کیمیکل انجینئر ہیں اور آپ نے مارکیٹنگ میں ایم بی اے کیا ہے۔آپ نے اپنے کیریئر کا آغاز کاروں اور گھروں کے لیے الیکٹرانک سیکیورٹی سسٹم بنانے سے کیا۔30 سال سے زیادہ کے تجربے کے ساتھ، آپ کے پاس کاروبار کے تمام شعبوں میں گہرائی سے علم اور تجربہ ہے، خاص طور پر آپ کے پاس سیلز اور مارکیٹنگ کے بارے میں اچھی بصیرت ہے اور آپ کمپنی کے لیے مفید خیالات کا اظہار کرتے ہیں۔ سر دست آپ کینیڈا میں رئیل اسٹیٹ کا کاروبار کامیابی سے چلا رہے ہیں۔

## ڈاکٹر نگہت ارشد صاحبہ

### نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر

ڈاکٹر نگہت ارشد ایک سند یافتہ ڈائریکٹر ہیں۔آپ (WAGGGS) ورلڈ ایسوسی ایشن آف گرل گائیڈز اور گرل اسکاؤٹس کی ایشیا پیسیفک ریجن کمیٹی کے ایگزیکٹو بورڈ کی وائس چیئر مین رہ چکی ہیں۔آپ نے ایگزیکٹو بورڈ میں 6 سال (2004-2010) خدمات انجام دی ہیں۔آپ نے ایشیا پیسیفک ریجن گرل گائیڈنگ کی تربیت اور انتظام میں انمول تجربہ حاصل کرتے ہوئے وسیع پیمانے پر سفر کیا ہے۔

فی الوقت آپ فرینڈز آف ایشیا پیسیفک کی وائس چیئر مین کے طور پر بھی خدمات انجام دے رہی ہیں، جو ایشیا پیسفک ریجن گرل گائیڈنگ میں نوجوان رہنماؤں کی قیادت کی ترقی میں معاونت کے لیے کام کرتی ہے۔

پاکستان میں آپ پاکستان گرل گائیڈز ایسو سی ایشن کی ڈپٹی نیشنل کمشنر رہ چکی ہیں۔آپ قومی اور بین الاقوامی سطح پر کئی ایوارڈز جیت چکی ہیں۔ تعلیمی میدان میں آپ کی کارکردگی بہت اچھی رہی ہے۔آپ صحت کی خدمات فراہم کرنے کی ماہر ہیں اور تین دہائیوں سے زائد کے عرصے سے ہومیوپیتھک کی پریکٹس اور اس کی تعلیم دینے میں مصروف ہیں اور آپ نے مارکیٹنگ میں ایم بی اے کیا ہے۔

## جناب شیخ نصیر حیدر صاحب

### نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر

جناب نصیر حیدر نے کینیڈا کی ولفرڈ لاریئر یونیورسٹی سے انڈر گریجویٹ ڈگری مکمل کی اور کارڈف یونیورسٹی سے پیشہ ورانہ تعلیم کے ساتھ ایم بی اے کیا۔ اس کے علاوہ آپ نے جارجیا انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی، ہارورڈ یونیورسٹی، اور میساچوسٹس انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی سے مختلف سرٹیفیکیشنز حاصل کیں۔

جناب حیدر ایک جوان، متحرک، اور محنتی پیشہ ور ہیں۔ 2017-2019 کے دوران، آپ نے سپلائی چین کے ڈائریکٹر کے طور پر سپیل میں اپنی خدمات انجام دیں۔ اور کمپنی کے نظام کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔ سپلائی چین کے شعبے میں ان کی بین الاقوامی تجربہ کاری اور مہارت کی وجہ سے لاگت میں بچت اور سپلائی چین کے انتظام میں بہتری آئی۔

آپ نے امریکہ اور کینیڈا میں NYSE پہ لسٹڈ کمپنیز میں اعلیٰ عہدوں پر بھی کام کیا ہے، جہاں ان کی قیادت اور تجربے نے نمایاں اثر ڈالا۔

## جناب عابد سلیم خان صاحب

### چیف آپریٹنگ آفیسر / ایگزیکٹو ڈائریکٹر

جناب عابد سلیم خان نے انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ سائنسز سے ایم بی اے کیا ہے اور لاہور یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائنسز (LUMS) سے مینجمنٹ ڈویلپمنٹ پروگرام کے گریجویٹ ہیں۔ آپ نے پاکستان اور بیرون ملک متعدد تربیتی پروگراموں میں شرکت کی ہے۔ جناب عابد سلیم خان پچھلے چھبیس سالوں سے سپیل کے ساتھ کام کر رہے ہیں اور آپ نے سپیل کی کامیابی میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ انہیں آٹوموبائل اور ایف ایم سی جی انڈسٹریز کے ساتھ ساتھ جاپانی پروڈکشن سسٹم کی گہری سمجھ بوجھ ہے۔

### چیف فنانشل آفیسر اور کمپنی سیکرٹری

جناب خلیل احمد ہاشمی صاحب، FCA

### سربراہ انٹرنل آڈٹ

جناب ابو بکر، FCA

### قانونی آڈیٹر (محاسب)

KPMG تاثیر ہادی اینڈ کمپنی

### شیئرز رجسٹرار

THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 32-C جامی کمرشل سٹریٹ نمبر 2 ڈی ایچ اے، فیز 7 کراچی۔

**ٹیکس مشیر**

PWCاے ایف فرگوسن

**قانونی مشیر**

کارنیلئیس لین اینڈ مفتی، ایڈووکیٹس اینڈ سولیسائٹرز

**بینکرز**

- حبیب بینک لمیٹڈ
- ایم سی بی بینک لمیٹڈ
- یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ
- میزان بینک لمیٹڈ
- بینک اسلامی پاکستان لمیٹڈ
- حبیب میٹروپولیٹن بینک لمیٹڈ
- الائیڈ بینک لمیٹڈ
- عسکری بینک لمیٹڈ

**مالیاتی رپورٹس**

**سٹاک مارکیٹ تک رسائی**

www.psx.com.pk

**سٹاک سمبل**

SPEL

**سرمایہ کاروں کی سہولت اور شکایات کیلئے رابطہ کار**

خلیل احمد ہاشمی

کمپنی سیکرٹری

**ٹیلی فون**

042-35115506-7

**ای میل**

Corporate@spelgroup.com

**SECPانویسٹر کمپلینٹ فارم**

http://www.secp.gov.pk/complaintform1.esp